رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2020-2018 تا 2023-2021 )

اردو (لازمی) — 022 - ( نہم کلاس ) — وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : I ( معروضی طرز ) — PAPER CODE = 5023 — کل نمبر : 15

LHR-G1-22

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | " بھنگن " کا مذکر ہے : | (A) بھنگا | (B) بھنگی | (C) بھنگا | (D) بھانگ |
| 2 | سبق "امتحان" میں طالب علم نے کس کلاس کا امتحان دیا : | (A) ایف۔اے | (B) بی۔اے | (C) لاء کلاس | (D) ایم۔اے کلاس |
| 3 | علامہ اقبالؒ کے خیال میں کس سے سبق اندوز ہونا چاہیے : | (A) شجرِ سایہ دار سے | (B) طیور سے | (C) شاخِ بُریدہ سے | (D) شاخِ حمیدہ سے |
| 4 | " فتح " کا مترادف ہے : | (A) نُصرت | (B) شکست | (C) مات | (D) لڑائی |
| 5 | اپنی مدد آپ کے تحت دہشت گردی سے چھٹکارا پایا جا سکتا ہے : | (A) نفرت و جہالت ختم کر کے | (B) عدم برداشت ختم کر کے | (C) تفرقہ بازی ختم کر کے | (D) ان سب کو |
| 6 | سید امتیاز علی تاج کی وجہِ شہرت : | (A) ناول نگاری | (B) افسانہ نگاری | (C) ڈرامہ نگاری | (D) مضمون نگاری |
| 7 | " ہمت " کی جمع ہے : | (A) ہمّات | (B) ہمایت | (C) حمات | (D) ہمم |
| 8 | حضورِ اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ نے غارِ ثور میں کتنی راتیں گزاریں : | (A) دو راتیں | (B) تین راتیں | (C) چار راتیں | (D) پانچ راتیں |
| 9 | شفیق الرحمان کے خیال میں بھینس موٹی اور ہوتی ہے : | (A) صحت مند | (B) خوش طبع | (C) خشک مزاج | (D) سیاہ |
| 10 | سبق "شاعروں کے لطیفے" مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے : | (A) آبِ حیات | (B) دربارِ اکبری | (C) نیرنگِ خیال | (D) سخندانِ فارس |
| 11 | مولانا الطاف حسین حالیؔ نے شاعری میں کن کی شاگردی اختیار کی : | (A) مرزا غالبؔ | (B) میر تقی میر | (C) مصطفیٰ خان شیفتہؔ | (D) مرزا سوداؔ |
| 12 | " دانا " کا متضاد ہے : | (A) فہیم | (B) عقل مند | (C) نادان | (D) ناکام |
| 13 | استعارہ کے لغوی معنی ہیں : | (A) مشابہت | (B) اُدھار لینا | (C) برابری | (D) پاس رکھنا |
| 14 | سبق "لہوا ور قالین" میں سردار تجمل کی کوٹھی کا نام تھا : | (A) حیرت کدہ | (B) داستان سرائے | (C) قصرِ سلطان | (D) انشاط |
| 15 | " عبد " کی جمع ہے : | (A) عباد | (B) عبُود | (C) عابد | (D) عبائد |

ParhloPakistan.com

رول نمبر.................(امیدوار خُود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2018-2020 تا 2021-2023 )

اردو (لازمی) — 022 - (نہم کلاس) — وقت : 2 گھنٹے 10 منٹ

پرچہ : I (انشائیہ طرز) — (پہلا گروپ) — کل نمبر : 60

LHR-G1-22

## ( حصہ اوّل )

2- درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے ( تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے ) : 10

( حصہ نظم )

(i) آفاق میں پھیلے گی کب تک نہ مہک تیری — گھر گھر لیے پھرتی ہے پیغام، صبا تیرا

(ii) جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

(iii) سب بھیگتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی !

(iv) شاخِ بُریدہ سے سبق اندوز ہو کہ تُو — ناآشنا ہے قاعدۂ روزگار سے

( حصہ غزل )

(v) میں جو بولا، کہا کہ یہ آواز — اُسی خانہ خراب کی سی ہے

(vi) برہمن کو باتوں کی حسرت رہی — خدا نے بتوں کو نہ گویا کیا

(vii) جان تم پر نثار کرتا ہوں — میں نہیں جانتا دُعا کیا ہے

## ( حصہ دوم )

3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ' مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: 5,5

(الف) اِس کے بعد کئی دن تک بوڑھی خالہ لکڑی لیے، آس پاس کے گاؤں کے چکّر لگاتی رہیں۔ کمر جھک کر کمان ہو گئی تھی۔ ایک قدم چلنا مشکل تھا، مگر بات آ پڑی تھی، اس کا تصفیہ ضروری تھا۔ شیخ جمن کو اپنی طاقت، رسوخ اور منطق پر کامل اعتماد تھا۔ وہ کسی کے سامنے فریاد کرنے نہیں گئے۔

3- (ب) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے : 10

(i) مضمون کی مختصر تعریف کیجیے۔

(ii) شیخ امام بخش ناسخ کس وقت جلسہ گاہ پہنچے؟

(iii) بیدارا نے سلیم کو جگا کر کیا پیغام دیا؟

(iv) الگو چودھری کے پنچ مقرر ہونے پر شیخ جمن کیوں خوش تھا؟

(v) روزانہ آرام و سکون نہ کیا جائے تو اس کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

(vi) حمد کی تعریف بیان کیجیے۔

(vii) نعت پڑھانے کے دو مقاصد بیان کیجیے۔

(viii) بہادر شاہ ظفر کی غزل میں شاعر اپنی حسرتوں سے کیا کہنا چاہتا ہے؟

5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (الف) پنچایت ۔ (ب) امتحان ۔ 5

6- نصاب میں شامل ''نعت'' کا مرکزی خیال / خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7- اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

یا

کسی اخبار کے مدیر کے نام خط لکھ کر ٹریفک کی بدانتظامی کی طرف توجہ دلائیے۔ 10

8- ''دو بکریاں'' کے عنوان پر ایک کہانی تحریر کیجیے۔ یا دکاندار اور خریدار کے درمیان ہونے والا مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9- درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے : 5

(i) راشد نے کراچی جانا ہے۔ (ii) ہم نے حج کرنا ہے۔ (iii) میں نے کتاب کو پڑھی۔

(iv) ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔ (v) اسامہ نے بچہ کو اس کی ماں کو دیا۔

یا

درج جملوں کی تکمیل کیجیے : (i) آپ آئے --- (ii) آدمی کا --- آدمی ہے۔ (iii) پاک رہو ---

(iv) خدمت سے --- (v) آسمان سے --- کرنا۔

ParhloPakistan.com